Created in Master PDF Editor - Demo Version

بیاد: حضرت مسرورؔ کیفیؒ

فروغِ نعت کے لیے کوشاں

خصوصی اشاعت
نقشِ نعلین حضورؐ

کتابی سلسلہ

# جہانِ نعت

کراچی

۵۱۰ اشعار پر مشتمل طویل نعت

جولائی تا دسمبر 2017



حمد، نعت، منقبت اور سلام
کے ۲۵ مجموعوں کے تخلیق کار
ڈاکٹر محمد مشرف حسین انجم

مدیر اعلیٰ
شاعرِ حمد و نعت طاہرؔ سلطانی

مدیر
محمد رمضان میمن

www.facebook.com/owaisoloGy

بیان انسان کے لیے خدا کی سب سے بڑی دین ہے
اور نطق و بیان کی معراج ذکرِ نبی کریم ﷺ ہے
(ابوالخیر کشفی)

## حضرت مسرورؔ کیفیؒ کے نعتیہ مجموعے

اسی مقدس سلسلے کی دلنشین کڑیاں ہیں

| | | | |
|---|---|---|---|
| چراغِ حرا | ملجا و ماوا | جمالِ حرم | مولائے کل |
| نورِ یزداں | میزابِ رحمت | سیّد الکونین | سجدہ حرف |
| سفینۂ نعت | حرفِ عطا | آئینۂ انوار | نقشِ جمال |
| عکسِ تمنا | نعت نگار (حصہ اول) | ہالۂ نور | مرحبا |
| سلام اُنؐ پر | کرم در کرم | دیارِ نور | رنگِ ثناء |
| بارشِ انوار | بہارِ سخن | تابشِ طیبہ | آبشارِ نور |

## جہانِ نعت

جہانِ نعت، شارعِ مسجد حدیبیہ، گلشن حدید، فیز 2، بن قاسم ضلع ملیر کراچی۔
رابطہ: 0331-2533426

Published By: Jahan-e-Hamd Publications
2/19 Nausheen Centre Urdu Bazar Karachi. 0343-2278878

Created in Master PDF Editor - Demo Version

Created in Master PDF Editor - Demo Version

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم


بیاد: حضرت سرور کیفیؒ

فروغِ نعت کے لیے کوشاں

کتابی سلسلہ

# جہانِ نعت کراچی

جلد: 4 | کتابی سلسلہ: 7

شوال المکرم/ربیع الاول ۳۹-۱۴۳۸ھ | جولائی/دسمبر 2017ء


## سفیرانِ جہانِ نعت

| | |
|---|---|
| کراچی | حاجی عمر فاروق |
| کراچی | شکیل مدنی |
| کراچی | عزیز الدین خاکی |
| سرگودھا | ڈاکٹر محمد مشرف حسین انجم |
| سرگودھا | شاکر کنڈان |
| لاہور | محمد سہیل قادری |
| راولپنڈی | عبدالغفور نقشبندی |
| کوئٹہ | شیخ فرید |
| شیخوپورہ | حاجی فقیر اثر انصاری |
| چارسدہ | محبوب گل یاسر |
| اوکاڑا | قمر حجازی |
| حیدرآباد | محی الدین محی انصاری |
| حیدرآباد | پروفیسر ثاقب قریشی |
| حیدرآباد | قدیر احمد قدر القادری |
| ہارون آباد | اسلم شاکر |


مقام اشاعت: جہانِ نعت، شارع مسجد حدیبیہ، گلشن حدید، فیز 2، بن قاسم ضلع ملیر کراچی۔


خصوصی اشاعت
"نقشِ نعلینِ حضور صلی اللہ علیہ وسلم"
(ڈاکٹر محمد مشرف حسین انجم کی ۵۱۰ اشعار پر مشتمل طویل نعت)

## مُدیرِ اعلیٰ

شاعرِ حمد و نعت حضرت طاہر سلطانی

## مُدیر

محمد رمضان میمن

## معاون مُدیر

حافظ محمد نعمان طاہر

## خصوصی معاونین

| | |
|---|---|
| لاہور | محمد یوسف ورک قادری |
| اسلام آباد | حافظ نور احمد قادری |
| کراچی | محمد ابرار حسین |
| کراچی | ظہور احمد راجہ |

## کمپوزنگ/ڈیزائننگ

محمد عبدالرحمٰن طاہر
جہانِ حمد کمپوزنگ سینٹر ...... 0346-2658848

قیمت: 100 روپے

ان شاء اللہ، آئندہ شمارہ حسانِ پاکستان "حضرت اختر الحامدیؒ نعت نمبر" ہوگا


رابطہ
موبائل: 0331-2533426
ای میل: jahanenaatkarachi@gmail.com


www.facebook.com/owaisoloGy

طالبِ دعا
ابوالمیزاب محمد اویس رضوی

Created in Master PDF Editor - Demo Version

Created in Master PDF Editor - Demo Version



## اداریہ

# ''نقشِ نعلینِ حضور ﷺ''
# مشرف حسین انجم کی عقیدت

طاہر حسین طاہرؔ سلطانی (مدیرِ اعلیٰ)

الحمدللہ، کتابی سلسلہ ''جہانِ نعت'' کراچی کسی تعارف کا محتاج نہیں رہا۔ نہ صرف پاکستان بلکہ اب اس کی آواز بیرونِ ملک بھی پہنچ رہی ہے۔ ''جہانِ نعت'' اور حاجی محمد رمضان میمن لازم وملزوم ہیں۔ حاجی صاحب کی مساعیِ جمیلہ کی وجہ سے ''جہانِ نعت'' کو اہلِ علم وقلم کی جانب سے خاصی پذیرائی حاصل ہوئی ہے۔ ''جہانِ نعت'' مسرور کیفی نعت نمبر، بہزاد لکھنوی نعت نمبر اور اقبال عظیم حمد ونعت نمبر کو شاندار پذیرائی حاصل ہوئی۔ یہ مقامِ شکر ہے کہ اللہ تبارک تعالیٰ کا جتنا بھی شکر ادا کیا جائے وہ کم ہے۔

''جہانِ نعت'' کا تازہ شمارہ ڈاکٹر مشرف حسین انجم کی نعتیہ شاعری سے مزیّن کیا جارہا ہے۔ مشرف انجم کا تازہ نعتیہ مجموعہ ''نقشِ نعلینِ حضور ﷺ'' حال ہی میں منصۂ شہود پر نمودار ہوا ہے۔ مذکورہ مجموعۂ نعت میں ایک طویل نعتیہ قصیدہ ایک ہی بحر اور ایک ہی ردیف میں پیش کیا گیا ہے۔ اس حوالے سے پہلے بھی چند شعرا کرام نے کوششیں اور کاوشیں کی ہیں بالخصوص سیّد منیر حسین بخاری (گستاخ بخاری) کی حمدیہ ونعتیہ کتابیں بھی شائع ہوچکی ہیں۔ مشرف حسین انجم نے نعتیہ شاعری کو تابشِ حُسنِ یقیں کے نگینے، مہر واُلفت کے قمر، اُلفت ومحبت کی ضیا، لطف ورحمت کی مہک، بزمِ دل کی دلکشی، رہبر رخشندگی، محورِ تابندگی، چاہت واحسان، خوشبوئے صبحِ ازل سے سجایا ہے۔



الغرض رسولِ محتشم آنحضرت ﷺ کی شان وشوکت کو عقیدت ومحبت کی گہرائیوں سے صفحۂ قرطاس پر منتقل کرنے کی سعی کی ہے۔ ''نقشِ نعلینِ حضور ﷺ'' کی اشاعت تمام وابستگانِ نعت کے لیے بہار جاں فزا کا ایک جھونکا ہے۔ مشرف حسین انجم مبارک باد کے مستحق ہیں۔

''اللہ کرے زورِ قلم اور زیادہ''

آخر میں مذکورہ نعتیہ نظم سے تبرکاً چند اشعار پیش خدمت ہیں۔

رہبرِ اہلِ حیا ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ
محورِ اہلِ وفا ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ
روشنی رحمت، اماں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ
اہلِ دل کی چشم وجاں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ
روشنائی ہے، جھمک ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ
زینتِ چشم وپلک ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ
سچ کے ہر مکتب کی جاں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ
دوستو! ہم سب کی جاں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ
سچ کی دستک میں نہاں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ
حق کے مسلک کا نشاں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ
پیار کے جذبات میں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ
نغمۂ خطبات میں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ
ارفع ارفع، ارجمند ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ
قلبِ انجم کو پسند ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ

Created in Master PDF Editor - Demo Version

Created in Master PDF Editor - Demo Version



# اظہارِ تشکّر

جہانِ حمد و نعت میں محترم ڈاکٹر محمد مشرف حسین انجم کسی تعارف کے محتاج نہیں جن کی دو درجن سے زائد کُتب حمد و نعت اور منقبت شائع ہو کر بھر پور خراجِ تحسین حاصل کر چکی ہیں۔
۲۰۱۵ء میں ان کی ایک لاجواب تالیف جو کہ ایک طویل ترین نعت پر مشتمل تھی بنام "نقشِ نعلینِ حضور ﷺ" جب ہمیں موصول ہوئی ہے جو کہ ۵۱۰ اَشعار پر مشتمل ہے تو بار بار پڑھنے کو دل چاہا اور فوراً ہی ایک خط پسندیدگی کا اس درخواست کے ساتھ لکھ دیا گیا کہ ادارہ "جہانِ نعت" اس تالیف کو ایک خاص اشاعت کے طور پر لانا چاہتا ہے جس کے جواب میں محترم ڈاکٹر صاحب نے بے حد خوشی کا اظہار کیا اور نہایت ہی خلوص و محبت کے ساتھ ہمیں اس کی اجازت مرحمت فرمادی اور اس طرح یہ لاجواب معرکتہ الآرا طویل ترین نعتیہ نظم جو کہ ۵۱۰ اشعار پر مشتمل ہے جو اُردو نعتیہ ادب میں ایک خصوصی مقام رکھتی ہے پیشِ خدمت ہے۔
ملک بھر کے حمد و نعت گو شعرا کرام سے مودبانہ درخواست ہے کہ وہ اپنی ایسی تالیفات ہمیں اشاعت کے لیے پیش کریں جو "جہانِ نعت" کی زینت بنائی جا سکیں۔
قارئینِ "جہانِ نعت" سے بھی درخواست ہے کہ اگر ان کی نظر میں اس قسم کی نعتیہ تالیفات ہوں تو ہمیں براہِ کرم بھجوا کر ممنون فرمائیں گے۔

آپ کے تعاون اور دُعاؤں کا طلبگار
**محمد رمضان میمن**
مدیر: "جہانِ نعت" (کتابی سلسلہ)
چیئرمین: ادارہ جہانِ نعت، کراچی
0331-2533426



# قمر کی ضو سے مشرّف "انجم"

**محمد قاسم کیلانی**

سرزمینِ سرگودھا کا ذکر ہو یا کہیں کوئی بات چلے تو ایک پیکر نظروں میں گھوم جاتا ہے۔۔۔ کیسا پیکر! کیسا سراپا!۔۔۔ دھان پان سراپا، نورِ محبت سے روشن چہرہ، کشادہ جبین، زیرک ذہین اور شرمگیں آنکھیں، گھنی گھنگھریالی سلیقے سے ترشی ہوئی درمیانی سیاہ داڑھی، نظر ہمہ وقت محوِ فکر، سادگی اور عاجزی سے لبریز مزاج، کم گو لیکن ہنس مکھ، خوب سیرت، نیک طینت، نمائش سے بیزار، گوشہ نشین، اُفتادِ طبع جدت اور روانی کا بہتا ہوا دریا، خوش لباس، خوش گفتار، مادری زبان میں سیال شریفی لہجے کی مٹھاس، شیخ الاسلام سے فیض یاب، مجددِ نعت سے تربیت یافتہ، بیسیوں کتب کے مصنف، قومی صوبائی اور دیگر درجنوں ایوارڈز کے حامل، نعت نگاری میں دلکش اسالیب اور اچھوتے تجربات کے خالق، ادب پرور، نگینہ شناس، الفاظ و معانی کے ماہر مرصع ساز، عبدالحق نعت فاؤنڈیشن کے چیئرمین، مقامِ حیات کے مقیم، ممتاز حمد گزار، نعت کار اور منقبت نگار۔۔۔
آپ جانتے ہیں یہ اجمالی خاکہ جناب ڈاکٹر محمد مشرف حسین انجم کا ہے جن کے افکار کا محور ذاتِ مصطفیٰ ہے اور خیالوں کا مرکز نعتِ مصطفےٰ ﷺ ہے۔ پاکستان بھر کے ادبا و شعراء ان کے حلقۂ احباب میں شامل ہیں۔ اُن کی فضائے درونِ خانہ بھی کسی صاحبِ نظر کے فیضانِ نظر کی مظہر ہے۔ اس کا بیّن ثبوت یہ ہے کہ ان کی اہلیہ محترمہ بھی شاعرہ ہیں اور نعت کی ایک خوبصورت کتاب کی مصنفہ ہیں۔ کم سن صاحبزادہ اور صاحبزادیاں بھی نعت سے وابستہ ہیں۔ میرے لیے یہ بات خوشگوار حیرت کا باعث بنی جب ڈاکٹر انجم نے بتایا کہ اُن کی کتاب "سیرتِ حضور ﷺ کی خوشبو" کا دیباچہ اُن کی بیٹی تحریم انجم نے لکھا ہے۔ جو درجہ ہفتم کی طالبہ ہے۔ اللہ کریم اس نیک

www.facebook.com/owaisoloGy
طالبِ دعا
ابوالمیزاب محمد اویس رضوی
Created in Master PDF Editor - Demo Version

Created in Master PDF Editor - Demo Version



اختر بیٹی کو دونوں جہان میں حضرت سیّدہ خاتونِ جنّت سلام اللہ علیہا کی چادرِ تطہیر کا سایہ نصیب فرمائے۔ آمین

اربابِ علم وفن جانتے ہیں کہ ڈاکٹر انجم حمد ونعت کی ایک سو سے زائد کُتب کے مصنف ہیں جن میں سے پچیس کے قریب کُتب شائع ہو چکی ہیں۔ باقی کُتب بھی طباعت کے جملہ مراحل سے گزر کر یکے بعد دیگرے منصۂ شہود پر جلوہ آرا ہو رہی ہیں۔ ڈاکٹر انجم نعت میں آئے دن نت نئے تجربات کرتے رہتے ہیں۔ یوں آنے والی نسلوں کے لیے ایک خزینۂ بے بہا محفوظ کرتے چلے جا رہے ہیں۔ ان کی بیشتر نعتیں پانچ پانچ سو اشعار پر مشتمل ہیں جو الگ الگ کُتب کی شکل میں صاحبانِ علم وادب سے داد پا چکی ہیں۔ ڈاکٹر انجم سے دیرینہ تعلق ہونے کے باوصف بھی میں سوچتا تھا کہ ان کی قادرالکلامی، طویل نگاری اور زود نویسی کی وجہ کیا ہو سکتی ہے؟۔۔۔ تو یہ معمہ اس وقت کھلا جب قطبِ زماں حضرت میاں عبدالرشید پانی پتی رحمۃ اللہ علیہ کے ۲۱ ویں سالانہ عرسِ پاک پر سرگودھا میری حاضری ہوئی، تب ڈاکٹر انجم نے میرے استفسار پر بتایا کہ وہ شیخ الاسلام والمسلمین، مخدوم المشائخ، خواجۂ خواجگان حضرت خواجہ محمد قمرالدین سیالوی رحمۃ اللہ علیہ کے مرید ہیں تو مجھے ان کی ذات میں عیاں ونہاں تمام اوصاف اور ان پر جملہ نوازشات کی کچھ سمجھ آ گئی کہ یہ تمام ترفیض حضور پیر سیالؒ کا ہے اور یہ "انجم" ایک "قمر" کے توسّل سے "آفتابِ رسالت ﷺ" سے روشنی کی خیرات پا کر چمک رہا ہے۔

درود اُن پر۔۔۔ سلام اُن پر۔۔۔ نور، روشنی، خوشبو، سیرت السّلام۔۔۔ کوثریہ اور ترو ینیاں جیسی خوبصورت ردیفوں اور نادر عنوانات پر سینکڑوں کامیاب شعری تجربات کر لینے کے بعد ڈاکٹر انجم اب لائے ہیں عاشقانِ مصطفیٰ ﷺ کے لیے۔۔۔ ایک رافع وارفع ردیف۔۔۔ معطّر ومطہر ردیف۔۔۔ منوّر وانور ردیف۔۔۔ تاباں ودرخشاں ردیف۔۔۔ تابندہ وپائندہ ردیف۔۔۔ مُصفّا ومجلّا ردیف۔۔۔ منزّہ ومُعلّا ردیف۔۔۔ مسجّع ومرصّع ردیف۔۔۔ معظّم ومکرّم ردیف۔۔۔ "نقشِ نعلینِ حضور ﷺ" جو اپنے اندر عقیدتوں کا اِک جہان رکھتی ہے۔ جس میں



ارادتوں کے قلزم موجزن ہیں۔ جو عرشِ بریں کے ماتھے کا جھومر ہے، جو فرشِ زمیں کے لیے وجہِ افتخار وقرار ہے۔ جو اربابِ فکر ونظر کے لیے منبعِ دانش وبینش ہے اور سالکانِ حق کے لیے رہبرِ راہِ ہدایت ہے۔ "نقشِ نعلینِ حضور ﷺ" جو ادب گاہِ کائنات ہے۔ جو دافعِ بلیّات ہے، "نقشِ نعلینِ حضور ﷺ" وہ دولتِ لازوال، جو مفلسوں کو شہریار کر دے اور خاکساروں کو بخت ورخت کا تاجدار کر دے۔ "نقشِ نعلینِ حضور ﷺ" وہ نعمتِ عظمیٰ، سعادتِ کُبریٰ اور سوغاتِ جمیلہ، کہ اُمّت کے اولیا بھی جس کو پا کر نذرانۂ جاں پیش کرنے کی تمنا سے سرشار ہیں۔

نعتِ مسلسل کا مجموعہ "نقشِ نعلینِ حضور ﷺ" ڈاکٹر انجم کی فکری پرواز کا شاہکار ہے۔ یوں لگتا ہے کہ اُن کے ہر مصرعے کے سر پر "نقشِ نعلینِ حضور ﷺ" کا سہرا سجا ہے اور ہر مصرع اپنی ردیف کا سہرا خواں بنا ہوا ہے۔ دیکھیے!

آبروئے آب ورِ گل ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ
طُرّۂ دستارِ دل ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ

قلوبِ عاشقاں کو ایسی باکمال ردیف سے مشرّف کرنے پر میں ڈاکٹر انجم کو صد مبارکباد پیش کرتا ہوں۔ اللہ کرے، اُن کا یہ نذرانہ بارگاہِ سرورِ کونین علیہ السّلام میں مقبول ٹھہرے اور اُردو ادب کی نعتیہ تاریخ میں ایک مفید اضافہ ثابت ہو۔

چوں سُوئے من گذر آری منِ مسکیں زِ ناداری
فدائے نقشِ نعلینت کُنم جاں یارسول اللہ ﷺ

گدائے سرکار کیلانی

**محمد قاسم کیلانی**

(نقیبِ محفل)

ایم اے ادبیات، ایم اے عربی، ایجوکیشن، حافظ آباد

Created in Master PDF Editor - Demo Version

Created in Master PDF Editor - Demo Version



# "نقشِ نعلینِ حضور ﷺ"

پروفیسر ڈاکٹر مجید اللہ قادری
سابق ڈین آف سائنس
یونی ورسٹی آف کراچی

تاجِ رُوح القدس کے موتی جسے سجدہ کریں
رکھتی ہیں واللہ وہ پاکیزہ گوہر ایڑیاں
(امام احمد رضا محدث بریلوی)

نقشِ نعلینِ حضور ﷺ تو ہر مومن اور عاشق کے دل پر ثبت ہے اور وہ اس نقشِ پا کی لذّت کو اپنے سینے میں محسوس کرتا ہے اور اس کی برکتیں بھی حاصل کرتا ہے۔ وہ اس حقیقت کو سمجھتا ہے کہ جب سیّدنا ابراہیم علیہ السلام کے قدم مبارک کی جگہ کو اللہ ربُّ العزت نے کھلی نشانی قرار دیا جیسا کہ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

اٰیٰتٌۢ بَیِّنٰتٌ مَّقَامُ اِبْرٰهِیْمَ (سورۃ آلِ عمران۔آیت:۹۷)

"اس میں کھلی نشانیاں ہیں ابراہیم کے کھڑے ہونے کی جگہ۔"

یعنی وہ پتھر جس پر سیّدنا ابراہیم علیہ السلام کعبہ شریف کی تعمیر کے وقت کھڑے ہوتے، اس پتھر پر آپ کے پاؤں مبارک کا نشان ثبت ہوگیا جس کو اللہ تعالیٰ نے ہزاروں برس محفوظ رکھا اور جب نبی کریم ﷺ نے مکّہ مکرمہ کی وادی میں دین اسلام کی تبلیغ کا سلسلہ شروع کیا اور نماز جیسا رکن اعظم مسلمانوں کو نصیب ہوا تو اللہ تعالیٰ نے اس نشانی یعنی کف پائے سیّدنا ابراہیم علیہ السلام کو دُنیا میں پھر ظاہر فرمایا اور حضور ﷺ کے ذریعے قیامت تک زائرینِ عمرہ و حج کو حکم دیا



کہ اس کفِ پا کی تعظیم کی جائے اور اس کو اپنا مصلّٰی بنایا جائے۔ چنانچہ ارشاد باری تعالیٰ:

وَاتَّخِذُوْا مِنْ مَّقَامِ اِبْرٰهِیْمَ مُصَلًّى (سورۃ البقرہ۔آیت:۱۲۵)

"اور ابراہیمؑ کے کھڑے ہونے کی جگہ (نقشِ پائے ابراہیمؑ) کو نماز کا مقام بناؤ۔"

امام احمد رضا خاں محدث بریلوی اس قدمِ سیدنا ابراہیم علیہ السلام کی فضیلت سیّدنا عبداللہ ابن عباس رضی اللہ عنہ کے تفسیری قول سے نقل کرتے ہوئے رقم طراز ہیں:

"سیّدنا ابراہیم علیہ السلام کے دونوں قدم پاک کا پتھر میں نشان ہوجانا کھلی نشانی ہے جسے اللہ عزّوجل آیت میں ارشاد فرمارہا ہے یعنی کعبہ معظمہ کی ایک فضیلت مقام ابراہیمؑ ہے۔ یہ وہ پتھر ہے جس پر سیّدنا ابراہیم علیہ السلام نے اپنا قدم مبارک رکھا تو جتنا ٹکڑا ان کے زیر قدم آیا تر مٹی کی طرح نرم ہوگیا یہاں تک کہ سیّدنا ابراہیم علیہ السلام کا قدم مبارک اس میں ثبت ہوگیا اور یہ خاص قدرت الٰہیہ و معجزۂ انبیا ہے پھر جب سیّدنا ابراہیم علیہ السلام نے قدم اُٹھایا، اللہ تعالیٰ نے دوبارہ اس ٹکڑے میں پتھر کی سختی پیدا کردی کہ وہ نشان قدم محفوظ رہ گیا پھر اسے حق تعالیٰ نے مدت تک باقی رکھا۔"

(فتاویٰ رضویہ، جلد ۲۱، صفحہ ۳۹۹، بحوالہ تفسیر کبیر)

امام احمد رضا قدس سرہُ العزیز اپنے آقا و مولیٰ حضرت محمد مصطفےٰ ﷺ کے تبرکات کا جہاں ذکر کرتے ہیں وہاں سند اور ثبوت کو ثانوی قرار دیتے ہیں چنانچہ ایک مقام پر رقمطراز ہیں:

"فی الواقعہ آثار شریفہ حضور سیّد المرسلین ﷺ سے تبرک سلفاً وخلفاً زمانۂ اقدس حضور پُرنور سیّد عالم ﷺ وصحابہ کرام رضی اللہ عنہم سے آج تک بلا نکیر رائج و معمول اور باجماع مسلمین مندوب و محبوب بکثرت احادیث صحیحہ وصحیح بخاری و مسلم وغیرہ ہا صحاح وسنن و

Created in Master PDF Editor - Demo Version

Created in Master PDF Editor - Demo Version



کتب حدیث اس پر ناطق۔۔۔ ایسی جگہ ثبوت یقینی باسند محادثانہ کی اصلاً حاجت نہیں اس کی تحقیق و تنقیح کے پیچھے پڑنا اور بغیر اس کے تعظیم و تبرک سے باز رہنا سخت محرومی و کم نصیبی ہے۔ آئمہ دین نے صرف حضور اقدس ﷺ کے نام سے اس شے کا معروف ہونا کافی سمجھا ہے۔"

اس مقام پر قاضی عیاس رحمۃ اللہ علیہ کی شفا شریف کا حوالہ دیتے ہوئے رقم طراز ہیں:

"حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی تمام متعلقات کی تعظیم اور آپ کے نشانات اور مکہ مکرمہ، مدینہ منورہ کے مقامات اور آپ کے محسوسات اور آپ کی طرف منسوب ہونے کی شہرت والی اشیا کا احترام یہ سب حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی تعظیم و تکریم ہے۔"

(فتاویٰ رضویہ، جلد ۲۱، صفحہ ۴۱۲، مطبوعہ لاہور)

چنانچہ مولانا عبدالرحمٰن جامی نے نبی کریم ﷺ پر اس مقام پر جاں نثار کرنے کا عزم کیا جس کا اظہار آپ نے اپنی ایک نعت کے شعر میں یوں عرض کیا:

چو سوئے من گذر آری منِ مسکیں زناداری
فدائے نقشِ نعلینت کنم جاں یارسول اللہ

یارسول اللہ ﷺ! اگر میرا نصیب بیدار ہوجائے اور آپ مجھ جیسے نادار اور مسکین کی طرف تشریف لے آئیں تو میرے پاس تو کوئی ایسی شے نہیں کہ جس کو حضور ﷺ کے رُو برو پیش کرسکوں مگر ہاں جس مقام پر آپ کے نعلین پاک کا نشان پڑے گا میں ضرور اس پر اپنی جان مشتاق نثار کردوں گا۔

امام احمد رضا نے اس نعلین پاک کے عظمت اور حرمت پر لاکھوں سلام بھیجتے ہوئے عرض کیا:



کھائی قرآں نے خاکِ گزر کی قسم
اس کفِ پا کی حرمت پہ لاکھوں سلام

احقر کے ایک قلمی دوست عزیزی محبی محترم جناب ڈاکٹر محمد مشرف حسین انجم صاحب جو سرگودھا میں مقیم ہیں اور ۲۵ سے زیادہ نعتیہ تخلیقات بحضور سرورِ کونین حضرت محمد مصطفےٰ ﷺ پیش کرنے کی سعادت رکھتے ہیں اور "خوشبوئے نعت" کے گلدستے پیش کرتے رہتے ہیں، آپ نے اپنی نعتیہ تخلیقات میں بعنوان "نقشِ نعلین حضور ﷺ و پھولوں کی مہکار" ۵۱۰ اشعار کی صورت میں پیش کرکے دورِ حاضر کے شعرا میں منفرد سعادت حاصل کی ہے۔ آپ اس سے قبل بھی "گلشن میں بہار آئی"، "خوشبو درود کی"، "شہرِ وفا کی خوشبو"، "سلام اے محورِ اقلیم جاں"، "سیرت حضور کی خوشبو" کے عنوانات کے تحت ۵۰۰، ۵۰۰/اشعار پر مشتمل طویل نعتیں قلمبند کرتے رہے ہیں۔ راقم کو حال ہی میں آپ کا یہ تخلیق نامہ حاصل ہوا جو دو حصوں پر مشتمل ہے جس کے پہلے حصے میں نقشِ نعلین حضور ﷺ کو ۱۰۲۰/زاویوں سے خراجِ عقیدت پیش کیا گیا ہے جس کا مطلع ہے:

تابشِ حُسنِ یقیں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ
بینشِ چشمِ زمیں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ

اور مقطع یوں عرض کیا ہے:

ارفع ارفع ارجمند ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ
قلبِ انجم کو پسند ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ

راقم الحروف اتنی طویل نعت پیش کرنے پر دل کی گہرائیوں سے مبارک باد پیش کرتا ہے اور دُعا گو ہے کہ آپ ﷺ اس کو اپنی بارگاہ میں شرفِ قبولیت عطا فرمائیں۔

Created in Master PDF Editor - Demo Version

Created in Master PDF Editor - Demo Version



# "نقشِ نعلینِ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم"

ڈاکٹر محمد مشرف حسین انجم (سرگودھا)

حضور نبی کریم ﷺ کی ذاتِ اقدس سے منسوب ہر شئے سے والہانہ محبّت وعقیدت کی مہکار دلبہار میں اہلِ ایمان وایقان کی سرزمین کی زندگی، تابندگی اور رخشندگی پوشیدہ ہے۔ جس چیز کی صحیح معنوں میں نبی پاک ﷺ کی ذاتِ والاصفات سے نسبت کی بنا پر تشہیر ہوجاتی ہے اس کا مقام ومرتبہ بے مثل عظمتوں سے ہمکنار ہوجاتا ہے۔ اہلِ شریعت ومعرفت اُسے دل کا سرور، آنکھوں کا نور اور سر کا تاج بنالیتے ہیں۔ آپ ﷺ کی ذاتِ اقدس سے منسوب دیگر اشیا کی طرح نقشِ نعلینِ حضور ﷺ کا جو ارفع واعلیٰ مقام اور ذیشان مرتبہ ہے اس سے کون واقف نہیں ہے۔ نقشِ نعلینِ حضور ﷺ کی نزہت ونکہت اور اس کے مہکتے فضائل سے قلوب واذہانِ عاشقاں جس قدر معطّر ومعنبر ہیں اس کے دلنشیں، خوب صورت وحسیں مناظر کرّۂ ارض پر روزِ روشن کی طرح عیاں ہر دور میں اس کی برکات وتجلّیات سے اُمّتِ محمدیہ کے قلوب کی دھڑکنوں نے مستفیض ہوکر سکینت وطمانیت کی رُوح پرور روشنائی حاصل کی ہے۔

۲۰۱۵ء میں اس جاندار وشاندار موضوع پر مشتمل میری طویل نعتیہ نظم (جو کہ ایک ہی بحر میں پانچ سو دس اشعار پر مشتمل ہے) "نقشِ نعلینِ حضور ﷺ" کتابی شکل میں زیورِ طباعت سے آراستہ ہوکر منظرِ عام پر آئی تو مشاہیرِ علم وادب اور عاشقانِ نعت ومدحت کی جانب سے اُسے داد وتحسین کے گلہائے رنگارنگ سے بے حد وحساب نوازا گیا یہ میری خوش نصیبی وخجستہ بختی ہے کہ مجھے اس ارفع واعلیٰ اور بلند وبالا موضوع پر اپنی محبت وعقیدت کے اظہار اور اپنی عجز سے معمور فنّی وتخلیقی صلاحیتوں کو نکھارنے کا موقع ملا۔



قارئین! یہ امر میرے لیے باعثِ مسرّت واطمینان ہے کہ اب یہ طویل نعتیہ نظم "نقشِ نعلینِ حضور ﷺ"، "جہانِ نعت" کراچی کے خصوصی شمارے کی شکل میں شائع کی جارہی ہے۔ ادارہ "جہانِ نعت" کی طرف سے یہ پُرخلوص اور محبت بھرا کردار وعمل قابلِ توصیف ولائقِ تحسین ہے۔ میں اپنے دل کی اتھاہ گہرائیوں سے جناب محترم طاہر سلطانی صاحب (شاعرِ حمد ونعت) اور جناب محمد رمضان میمن صاحب کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔ اللہ ربُّ العزت اپنے محبوب ﷺ کی ذاتِ اقدس کے صدقے انھیں اس کا اجرِ عظیم عطا فرمائے۔ آمین

"جہانِ نعت" کے مدیرِ اعلیٰ جناب طاہر سلطانی صاحب اور مدیر جناب محمد رمضان میمن صاحب پر اللہ ربُّ العزت کا خاص الخاص کرم ہے کہ یہ احبابِ بصیرت دن رات فروغِ حمد ونعت کے لیے کوشاں رہتے ہیں۔ "جہانِ نعت" کی شکل میں انھوں نے فروغِ نعت کی جو شمع روشن کر رکھی ہے اس کی روشنی چار سُو کُو بہ کُو پھیل رہی ہے اور اس "روشنی" سے "عاشقانِ نعت" لُطف اندوز ہوکر اپنی نگاہوں میں چین واطمینان اور خوشی ومسرّت کے جو مناظر بسا رہے ہیں اس کی مثال نہیں ملتی۔

**قارئینِ "جہان نعت" کے لیے خوشخبری**

جہانِ مسرور کیفی بنام

"کُلّیاتِ مسرور کیفی"

زیرِ ترتیب ہے

احباب بھرپور تعاون فرمائیں اور اس کے لیے ہم سے رابطہ فرمائیں۔

محمد رمضان میمن

جہانِ نعت، A-403، گلشن حدید 2، بن قاسم، ضلع ملیر کراچی۔ 75010

موبائل نمبر: 0331-2533426

Created in Master PDF Editor - Demo Version

Created in Master PDF Editor - Demo Version



# قطعہ تاریخِ اشاعت

"کلامِ عالی فکر محمد مشرّف حسین انجم"

۱۴۳۶ھ

جدھر بھی نظر اُٹھے ، آئے نظر مہک بار گلزارِ نعتِ رسول ﷺ
فضیلت کا باعث ہے مدحت گوئی سعادت ہے اظہارِ نعتِ رسول ﷺ
بڑا خوش مقدر مشرّف ہے تُو جو کرتا ہے تذکارِ نعتِ رسول ﷺ
ہے سُرعت نگاری تری مرحبا موقر ہے رفتارِ نعتِ رسول ﷺ
سنِ شائع مہجورؔ کہہ بر محل
ہے "فیضانِ انوارِ نعتِ رسول ﷺ"

2015ء

☆

نقشِ نعلینِ حضورِ پاک ﷺ سے
عظمتِ دُنیا و دیں منسوب ہے
کر رہا ہے سربسر مدح و ثنا
اس لیے انجم ہمیں محبوب ہے
تاجِ سر کے واسطے مہجورؔ کو
نعلِ پاکِ مصطفیٰ ﷺ مرغوب ہے

سیّد عارف مہجورؔ رضوی (گجرات)



# "نقشِ نعلینِ حضور ﷺ"

تابشِ حُسنِ یقیں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ
بینشِ چشمِ زمیں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ
دل کی دُنیا کے قریں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ
آس کے اندر مکیں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ
سوچ کی روشن جبیں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ
دل کے اندر جاگزیں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ
رہبرِ بزمِ سُخن ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ
محورِ چشمِ زمن ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ
زیب و زینت بحر و بر ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ
رحمتوں سے تربتر ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ
رخشندہ و روشن نگیں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ
محورِ عُشاقِ دیں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ
شہرِ دل کا ہمسفر ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ
دہرِ دل کا چارہ گر ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ
اہلِ دل کی آبرو ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ
دلنشیں ہے ، خوبرو ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ

Created in Master PDF Editor - Demo Version

Created in Master PDF Editor - Demo Version



چشمِ جاں کے رُوبرو ہے نقشِ نعلینِ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

رحمتوں کی آب جُو ہے نقشِ نعلینِ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

رہبرِ اہلِ حیا ہے نقشِ نعلینِ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

محورِ اہلِ وفا ہے نقشِ نعلینِ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

مہر و اُلفت کا قمر ہے نقشِ نعلینِ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

پیار و رحمت کی سحر ہے نقشِ نعلینِ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

پھول کی مانندِ کھلا ہے نقشِ نعلینِ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

دل کی آنکھوں میں بسا ہے نقشِ نعلینِ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

سانچۂ سچ میں ڈھلا ہے نقشِ نعلینِ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

چشمۂ مہر و ضیا ہے نقشِ نعلینِ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

پیار و حکمت کا بدن ہے نقشِ نعلینِ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

لطف و رحمت کا چمن ہے نقشِ نعلینِ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

چشمِ دل کا رہنما ہے نقشِ نعلینِ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

خوشبوئے بادِ صبا ہے نقشِ نعلینِ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

روشنی رحمت ، اماں ہے نقشِ نعلینِ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

اہلِ دل کی چشم و جاں ہے نقشِ نعلینِ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم



زینتِ چشمِ نگر ہے نقشِ نعلینِ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

اُلفتِ قلبِ بشر ہے نقشِ نعلینِ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

ارفع ، اعلیٰ ، معتبر ہے نقشِ نعلینِ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

باعثِ حُسنِ نظر ہے نقشِ نعلینِ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

لطف و رحمت کی رِدا ہے نقشِ نعلینِ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

دلنشیں ہے ، دلکشا ہے نقشِ نعلینِ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

چشمِ دل کی روشنی ہے نقشِ نعلینِ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

حُسن ، خوشبو ، چاشنی ہے نقشِ نعلینِ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

مرضِ جیون کی دوا ہے نقشِ نعلینِ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

گلشنِ مہر و وفا ہے نقشِ نعلینِ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

دھڑکنِ دل میں رواں ہے نقشِ نعلینِ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

گلشنِ دل میں عیاں ہے نقشِ نعلینِ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

پیار کا دلکش سماں ہے نقشِ نعلینِ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

اِس زمیں کا آسماں ہے نقشِ نعلینِ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

حکمتوں کا اِک شجر ہے نقشِ نعلینِ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

نور کا انجم نگر ہے نقشِ نعلینِ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

Created in Master PDF Editor - Demo Version

Created in Master PDF Editor - Demo Version



نکہتوں کا آشیاں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ

رفعتوں کا اِک نشاں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ

سچ کے جلووں کا مکاں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ

زندگی کا ترجماں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ

میرا دل ہے، میری جاں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ

مجھ پہ انجم مہرباں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ

رب کی رحمت ہے، کرم ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ

خوشبوئے باغِ حرم ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ

دھڑکنِ دل پر بنا ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ

خوش اَدا و خوشنما ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ

رونقِ ارض و سما ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ

پیار کی ٹھنڈی ہوا ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ

بے بہا و دلربا ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ

ہر طرف جلوہ نما ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ

زندگانی کی چمک ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ

گلفشانی کی مہک ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ



ذہن سے دھڑکن تلک ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ

زینتِ ارض و فلک ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ

رب کی حکمت کی رضا ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ

خوبصورت ، جاں فزا ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ

زیب و زینتِ گلستاں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ

ذہن و دل کے درمیاں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ

ارفع و ذی مرتبہ ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ

رحمتوں کا سلسلہ ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ

زینتِ کوہ و دمن ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ

ہر طرف جلوہ فگن ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ

خوشنما ہے ، محترم ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ

زندگانی کا بھرم ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ

شانِ وعظمت کا علَم ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ

محورِ لوح و قلم ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ

رحمتوں کی ایک چھت ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ

آبشارِ منفعت ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ

www.facebook.com/owaisoloGy
طالبِ دعا
ابوالمیزاب محمد اویس رضوی
Created in Master PDF Editor - Demo Version

Created in Master PDF Editor - Demo Version



لطف و رحمت کا ثمر ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ
اہلِ دل کا راہ بر ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ
محورِ قلب و جگر ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ
زیب و زینتِ حق نگر ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ
زندگانی کی خوشی ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ
بزمِ دل کی دلکشی ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ
زیب و زینتِ عمدگی ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ
پھول، خوشبو، زندگی ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ
رہبرِ رخشندگی ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ
محورِ تابندگی ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ
رحمتوں کا پیرہن ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ
دل کے اندر خیمہ زن ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ
رحمتوں کا نوری دھن ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ
پیار کرنے میں مگن ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ
سوچ کے اندر رواں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ
قلب کے اندر نہاں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ



چاروں جانب پُرفشاں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ
پردۂ دل پر عیاں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ
آبروئے شہرِ جاں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ
جستجوئے دہرِ جاں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ
دافعِ رنج و الم ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ
قاطعِ زنجیرِ غم ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ
زینتِ سرو و سمن ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ
دافعِ رنج و محن ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ
گلستاں میں چار سُو ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ
اِس جہاں میں کوبکو ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ
ہر بشر کا تاج سر ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ
ہر طرف آکاش پر ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ
نادر و انمول زر ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ
ارفع، اعلیٰ، اوج پر ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ
سچ کی ہر آواز میں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ
سچ کے ہر انداز میں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ

Created in Master PDF Editor - Demo Version

Created in Master PDF Editor - Demo Version



سچ کے ہر اعزاز میں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ
سچ کے ہر اِک راز میں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ
عشق کے سنسار میں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ
سچ کے ہر دیدار میں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ
عشق کی دستار میں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ
پیار کے گلزار میں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ
نورِ چشمِ قلب و جاں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ
نورِ بزمِ لامکاں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ
زندگی کے ابر میں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ
بندگی کے صبر میں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ
زندگی کی تاب میں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ
بندگی کے آب میں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ
نور کے ابواب میں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ
سوچ کے میزاب میں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ
نزہتوں کے راج میں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ
عظمتوں کے تاج میں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ



جان و زینتِ آدمی ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ
شان و نزہتِ زندگی ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ
سچ کی روشن چال میں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ
نیکیوں کی ڈھال میں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ
نور کے اقوال میں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ
پیار کی ہر شال میں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ
روشنی کی ڈال میں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ
صِدق کی اشکال میں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ
پھول کے ہر رنگ میں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ
زندگی کے ڈھنگ میں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ
سر پہ انجم چھا رہا ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ
ذہن و دل کو بھا رہا ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ
خوبصورت ہے، عجب ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ
مہر و رحمت کا سبب ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ
خوشبوئے باغِ عرب ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ
محورِ علم و ادب ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ

Created in Master PDF Editor - Demo Version

Created in Master PDF Editor - Demo Version



خوشبوئے صبحِ ازل ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ
مشکلوں کا ایک حل ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ

لطف و رحمت کا نگیں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ
ساری دُنیا سے حسیں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ

مُشکبار و عنبریں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ
محورِ دلِ عاشقیں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ

نزہتِ ایمان میں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ
نکہتِ وجدان میں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ

چاہت و احسان میں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ
راحت و سامان میں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ

چار سُو الوان میں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ
بادل و باران میں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ

سچ کے ہر میدان میں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ
سچ کی ہر بُرہان میں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ

لطف و رحمت ہے ، مدد ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ
شان و شوکت کی سَنَد ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ



گُل مداروں میں عیاں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ
گُل بہاروں میں رواں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ

چاہتیں لے کر کھڑا ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ
چاند تاروں میں جُڑا ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ

نیک جذبوں کی زباں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ
بزمِ قدرت کا نشاں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ

گلشنِ دل میں کھلا ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ
رنگ ، خوشبو میں مِلا ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ

زیب و زینتِ آب و گِل ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ
عاشقوں کا نورِ دل ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ

نورِ چشمِ بندگاں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ
نورِ بزمِ عاشقاں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ

پھول ، رنگت ، باد میں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ
اہلِ دل کی یاد میں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ

ارض کے دن رات میں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ
فکر کے باغات میں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ

Created in Master PDF Editor - Demo Version

Created in Master PDF Editor - Demo Version



دل کی ہر بارات میں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ

خوشنما سوغات میں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ

ارض کی ساعات میں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ

دلکشا عادات میں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ

روشنی کے جام میں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ

دل کی صبح شام میں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ

سچ کے دلکش نام میں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ

ہر ادا ، ہر کام میں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ

زندگی کی ریت میں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ

چاہتوں کے گیت میں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ

دلکشی کے دہر میں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ

روشنی کی لہر میں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ

آرزوئے دلبراں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ

آبروئے کاملاں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ

زندگی کے پھول میں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ

دل کے عرض وطول میں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ



دھڑکنِ پُر نور میں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ

سچ کے ہر انگور میں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ

مخزنِ مبرور میں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ

ہر عیاں ، مستور میں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ

ہر درخشاں قول میں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ

ہر بشر انمول میں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ

نور کے مینار میں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ

چین کی مہکار میں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ

ہر بشر کی سوچ میں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ

دل کی ہر اپروچ میں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ

میٹھی میٹھی دھوپ میں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ

چاہتوں کے رُوپ میں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ

لُطف کی برسات میں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ

نور کی بہتات میں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ

چار سُو افکار میں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ

خوبرو شاہکار میں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ

Created in Master PDF Editor - Demo Version

Created in Master PDF Editor - Demo Version



دل کی چاہت کا محل ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ

خوشنما ہے ، بے بدل ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ

دھڑکنوں کے شوق میں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ

چاہتوں کے ذوق میں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ

چار سُو ہر ذکر میں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ

پھول کے ہر عطر میں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ

لُطف کی ترکیب میں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ

رحمتوں کی طیب میں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ

زندگی کے ناز میں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ

دلربا پرواز میں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ

پیار کی اقلیم میں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ

سچ کی ہر تعلیم میں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ

سچ کے ہر فیضان میں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ

سارے چمنستان میں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ

سوچ کے کاشان میں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ

دولتِ ایقان میں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ



زندگی کے عزم میں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ

سچ کی دلکش نظم میں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ

روشنائی میں بسا ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ

ہر اچھائی میں چھپا ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ

رحمتوں کے دوش پر ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ

زیب و زینتِ چشم و سر ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ

سچ کے ہر فرمان میں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ

دل کے ہر ایوان میں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ

نعت کے دیوان میں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ

دل کے ہر ارمان میں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ

زندگی کے تخت پر ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ

بندگی کے بخت پر ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ

ہر نظر کی راہ میں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ

ہر بشر کی چاہ میں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ

دھڑکنوں کے درد میں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ

دَہر کے ہر فرد میں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ

Created in Master PDF Editor - Demo Version

Created in Master PDF Editor - Demo Version



زندگی کے پات میں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ

دل کے سب نغمات میں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ

زندگی کے بسط میں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ

دھڑکنوں کے وَسط میں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ

دل کی انجم دلکشی ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ

روشنی ہے ، روشنی ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ

چشمِ دل کی جھیل میں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ

سچ کی ہر تفصیل میں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ

چشمۂ جود و سخا ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ

سوچ سے بھی ماورا ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ

گلستاں کی باس میں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ

قلب و جاں کی آس میں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ

گلشنِ احساس میں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ

مسکنِ انفاس میں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ

خلق کی بہبود میں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ

نغمۂ مقصود میں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ



آنکھ کی تنویر میں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ

سچ کی ہر تصویر میں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ

مہر و حکمت کا ستوں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ

باعثِ لُطف و سکوں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ

سچ کی ہر قندیل میں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ

آنکھ کی ہر جھیل میں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ

سچ کی ہر تحریر میں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ

سچ کی ہر شمشیر میں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ

سب کے روشن حال میں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ

قلب کے افعال میں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ

سچ کی ہر تقریر میں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ

سچ کی ہر تفسیر میں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ

نورِ حکمت کی جھلک ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ

ہجر سے قربت تلک ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ

خوشبو کی املاک میں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ

پھول کی پوشاک میں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ

Created in Master PDF Editor - Demo Version

Created in Master PDF Editor - Demo Version



سچ کی ہر تقریب میں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ

خوشبوئے تہذیب میں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ

سچ کی لڑیوں میں عیاں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ

دل کی گھڑیوں میں رواں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ

نکہتِ تاب و تواں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ

زینتِ امن و اماں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ

دل کے لالہ زار میں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ

سوچ کی رفتار میں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ

بینشِ آب و ہوا ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ

تابشِ شہرِ وفا ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ

رحمتوں کی دید میں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ

شہرِ دل کی عید میں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ

پیار کی تفہیم میں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ

محفلِ تکریم میں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ

گُل کی ندرت میں رواں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ

رنگِ قدرت میں عیاں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ



پیار و اُلفت، خیر میں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ

سوچ کی ہر سیر میں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ

دلکشا تدبیر میں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ

سچ کی ہر تشہیر میں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ

لفظ کی تشکیل میں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ

سچ کی ہر تمثیل میں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ

زندگی کی ڈھیر میں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ

حُسن کی جاگیر میں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ

دل کے روشن طَور میں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ

سچ کے روشن دَور میں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ

عشق کے اوراق میں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ

ہر طرف آفاق میں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ

مخزنِ اخلاق میں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ

بینشِ برّاق میں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ

عشق کے اسباق میں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ

رونقِ اَسواق میں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ

Created in Master PDF Editor - Demo Version

Created in Master PDF Editor - Demo Version



جذبۂ عُشّاق میں ہے نقشِ نعلینِ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

دل کے روشن طاق میں ہے نقشِ نعلینِ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

زندگی کے دشت میں ہے نقشِ نعلینِ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

ذہن کے ہر طشت میں ہے نقشِ نعلینِ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

سوچ کی پتوار میں ہے نقشِ نعلینِ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

عشق کی پرکار میں ہے نقشِ نعلینِ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

سچ کی ہر چمکار میں ہے نقشِ نعلینِ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

دل کی ہر چہکار میں ہے نقشِ نعلینِ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

دلکشا ادوار میں ہے نقشِ نعلینِ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کوچہ و بازار میں ہے نقشِ نعلینِ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

سچ کی ہر رُوداد میں ہے نقشِ نعلینِ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

خلق کی فریاد میں ہے نقشِ نعلینِ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

بینشِ افراد میں ہے نقشِ نعلینِ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

دامنِ ایجاد میں ہے نقشِ نعلینِ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

محفلِ میلاد میں ہے نقشِ نعلینِ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

صِدق کی اسناد میں ہے نقشِ نعلینِ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم



ہجر کے ہر اشک میں ہے نقشِ نعلینِ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

گلستانِ رشک میں ہے نقشِ نعلینِ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

محورِ تابندگی ہے نقشِ نعلینِ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

لوحِ دل ہے ، زندگی ہے نقشِ نعلینِ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

زندگی کے کیف میں ہے نقشِ نعلینِ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

سچ کی ہر اِک سیف میں ہے نقشِ نعلینِ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

سچ کے دھارے میں رواں ہے نقشِ نعلینِ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

چاند تارے میں عیاں ہے نقشِ نعلینِ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

ہر گھڑی پیشِ نظر ہے نقشِ نعلینِ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

پھول میں بھی جلوہ گر ہے نقشِ نعلینِ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

چشمۂ انصاف میں ہے نقشِ نعلینِ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

نغمۂ اوصاف میں ہے نقشِ نعلینِ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

خوشبوئے اَسلاف میں ہے نقشِ نعلینِ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

مخزنِ الطاف میں ہے نقشِ نعلینِ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

صورتِ اشراف میں ہے نقشِ نعلینِ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

فن کی سب اصناف میں ہے نقشِ نعلینِ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

Created in Master PDF Editor - Demo Version

Created in Master PDF Editor - Demo Version



فطرتِ احباب میں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ
فطرتِ اصحاب میں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ

ہر سماں میں ہر طرف ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ
لعل و گوہر ہے، صدف ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ

بخت میں ، اقبال میں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ
لذتِ اعمال میں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ

خلق کی گزران میں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ
دولتِ عرفان میں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ

سچ کے ہر فانوس میں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ
خلق کی ناموس میں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ

گلشنِ کردار میں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ
مخزنِ معیار میں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ

سچ کے ہر اظہار میں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ
دل کی ہر گفتار میں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ

خلق کی توقیر میں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ
سچ کی ہر تاثیر میں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ



سچ کی ہر تمہید میں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ
سچ کی ہر تاکید میں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ

خوشبوئے تبریک میں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ
سچ کی ہر تحریک میں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ

گلشنِ تحقیق میں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ
مخزنِ توفیق میں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ

قلب کے اندرون میں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ
دل کے ہر مضمون میں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ

دامنِ تسکین میں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ
آنگنِ تحسین میں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ

سچ کی انجم جانچ میں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ
ہر گھڑی ہر سانچ میں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ

کوثر و تسنیم میں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ
سچ کی ہر تنظیم میں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ

گلشنِ تدریس میں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ
معدنِ تقدیس میں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ

www.facebook.com/owaisoloGy
طالبِ دعا
ابوالمیزاب محمد اویس رضوی
Created in Master PDF Editor - Demo Version

Created in Master PDF Editor - Demo Version



خواب کی تعبیر میں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ
جذبۂ تعمیر میں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ

گلشنِ انجیر میں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ
دامنِ تطہیر میں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ

سچ کی ہر تائید میں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ
سچ کی ہر تقلید میں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ

دل کی دھڑکن کی لگن ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ
خوشبوئے باغِ عدن ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ

سوچ کے رہوار میں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ
عشق کے تہوار میں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ

نظم میں، منثور میں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ
گلشنِ جمہور میں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ

حرف کے ہر موڑ میں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ
لفظ کے ہر جوڑ میں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ

زندگی کے جوش میں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ
ہر بشر کے ہوش میں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ



آدمی کی جہد میں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ
آشیانِ زہد میں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ

چار سُو جھلکار میں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ
کُو بکو اَقدار میں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ

روشنائی ہے، جھمک ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ
زینتِ چشم و پَلک ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ

زندگی کی جیت میں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ
سچ کے ہر سنگیت میں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ

ہر عیاں، محجوب میں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ
سچ کے ہر اسلوب میں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ

مہرباں ہے، حرزِ جاں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ
دھڑکنوں کا رازداں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ

گلستاں میں خندہ زن ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ
زندگانی کی پھبن ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ

ہر گھڑی، ہر خواب میں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ
چشمِ دل کے آب میں ہے نقشِ نعلینِ حضور ﷺ

Created in Master PDF Editor - Demo Version

Created in Master PDF Editor - Demo Version



پیار و حکمت کی کڑی ہے نقشِ نعلینِ حضورﷺ
لُطف و رحمت کی جھڑی ہے نقشِ نعلینِ حضورﷺ

بزمِ امن و آشتی ہے نقشِ نعلینِ حضورﷺ
چشمِ صدق و راستی ہے نقشِ نعلینِ حضورﷺ

حقِ آسائش کا گھر ہے نقشِ نعلینِ حضورﷺ
سچ کی آرائش کا در ہے نقشِ نعلینِ حضورﷺ

نورِ بزمِ شخصیت ہے نقشِ نعلینِ حضورﷺ
نورِ چشمِ ادبیت ہے نقشِ نعلینِ حضورﷺ

زندگی کی چھال میں ہے نقشِ نعلینِ حضورﷺ
دل کے خد و خال میں ہے نقشِ نعلینِ حضورﷺ

قلب کے دالان میں ہے نقشِ نعلینِ حضورﷺ
مدحتِ حسّان میں ہے نقشِ نعلینِ حضورﷺ

سچ کی دلکش دھاک میں ہے نقشِ نعلینِ حضورﷺ
سینۂ افلاک میں ہے نقشِ نعلینِ حضورﷺ

حکمتوں کی دھوم میں ہے نقشِ نعلینِ حضورﷺ
دھڑکنِ مظلوم میں ہے نقشِ نعلینِ حضورﷺ



شعر کے ہر دہر میں ہے نقشِ نعلینِ حضورﷺ
دہر کی ہر لہر میں ہے نقشِ نعلینِ حضورﷺ

نظم کے ہر بند میں ہے نقشِ نعلینِ حضورﷺ
